ایجو کیشن سنٹر (EDUCATION CENTRE) - ارورا (AURORA)

60 Wellington Street West
Box 40, Aurora, ON L4G 3H2
ٹیلفون: 905.895.7216 905.727.3141
فیکس: 905 727.1931
ویب سائٹ: www.yrdsb.ca
905 722.3201 416.969.8131

9 ستمبر، 2015

عزیز والدین، سرپرست

فروری2015 میں اونٹاریو کی وزارت تعلیم (Ontario Ministry of Education) نے صحت اور جسمانی تعلیم کا نظرثانی شدہ نصاب (Health and Physical Education Curriculum) جاری کیا۔ اِس تعلیمی سال کے آغاز پر اونٹاریو(Ontario) کے تمام ایسے اسکولوں کو جن کی کفالت عوامی سرمائے سے کی جاتی ہے کیلئے ضروری ہے کہ اِس نظر ثانی شدہ نصاب پر عملدرآمد کریں۔

ماہ فروری سے ہی، بورڈ اور ہمارے اسکولوں کو والدین کی طرف سے اِس نصاب کے بارے میں بہت سے سوالات کا سامنا ہے۔ ہم اِس نظر ثانی شدہ نصاب کے عملدرآمد کے طریق کار کے بارے میں وزارت تعلیم (Ministry of Education) سے بھی بات چیت کر رہے ہیں۔

جیسا کہ پہلے اعلان کیا گیا ہے، صحت اور جسمانی تعلیم کا نصاب (Health and Physical Education Curriculum) 2015-2016 کے تعلیمی سال کے تمام عرصہ میں پڑھایا جائے گا۔ اگرچہ گریڈ 1 سے 8 تک کیلئے نصاب میں موجود، صحت کے وہ موضوعات جن کا تعلق انسانی افزائش (Human Development) اور جنسی صحت (Sexual Health) سے ہے اُن پر کلاس روم میں عملدرآمد 2016 کے بہار کے موسم میں ہوگا۔ اِس پروگرام سے بورڈ کو موقع مل جائے گا کہ نصاب کے امدادی وسائل کو مکمل کریں، تدریسی عملہ کو ماہرانہ ترقی کے مواقع مہیا کریں، اور والدین میں اضافی معلومات کی تقسیم کریں۔

والدین اور خاندان طالب علم کی کامیابیوں اور خیروعافیت کیلے ہمارے سب سے اہم شریک ہیں، اور اِس لحاظ سے اِس سال، آپ کو انسانی افزائش (Human Development) اور جنسی صحت (Sexual Health) کے موضوعات کے کلاس روم میں باقاعدہ تعارف سے پہلے سے آگاہ کیا جائے گا۔

ہمارے اساتذہ اور اسکول کے عملہ کے ممبر تربیت یافتہ اور پیشہ کیلئے وقف ہیں، اور میں آپ کو یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اِس نصاب کے تمام اجزاء اور دوسرے تعلیمی نصاب کو عمر کو مدّ نظر رکھتے ہوئے ایک محفوظ اور پرورش کے ماحول میں میں پڑھایا جائے گا۔

مزید معلومات کے لئے، صحت اورجسمانی تعلیم کے نصاب (Health and Physical Education Curriculum) کیلئے اور والدین کی رہنمائی کے لئے، جس میں ترجمہ شدہ مواد بھی شامل ہے برائے مہربانی بورڈ کی ویب سائٹ : www.yrdsb.ca : پر جائیں۔

مخلص،

جے فلپ پارا پالی(J. Philip Parappally)
ڈائریکٹر آف ایجو کیش
یارک ریجن ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ (York Region District School Board)